کہا کہ نئے سسٹم سے بجلی کی چوری کی روک تھام میں آسانی ہوگی جبکہ بریکر لگنے سے ٹرانسفارمر پر بجلی کے اوور لوڈ ہونے کا بھی علم ہوسکے گا جبکہ جن صارفین کے میٹرز خراب ہیں حیسکو انتظامیہ بغیر کسی چارجز کے میٹر تبدیل کرے گی، سکھر سے نمائندے کے مطابق سکھر میں موسم کی تبدیلی کے ساتھ سیپکو نے بجلی کی لوڈشیڈنگ کے دورانیے میں اضافہ کردیا ہے جس کے باعث تجارتی و رہائشی علاقوں میں گھنٹوں بجلی کی

[illegible] چوری کو روکنے کے بجائے پریشر میں کمی کرنے کا حکم دے رہے ہیں جس کے باعث اسکول جانے والے بچے بغیر ناشتہ کیے اسکول جا رہے ہیں اور صارفین تینوں وقت لکڑیاں جلا کر کھانا پکانے پر مجبور ہیں۔ رابطہ کرنے پر زونل منیجر محمد نواز سومرو نے میڈیا کو بتایا کہ بدین میں گیس پریشر کی کمی کے حوالے سے کوئی شکایات نہیں ہیں۔

چھاچھرو میں منشیات کی سرعام فروخت، شہری شدید پریشان

منشیات فروش پولیس کو مبینہ طور پر ماہانہ بھتہ دے کر دھندے میں مصروف

ڈہرکی پولیس کی شہر میں بڑی کارروائی، سرعام چلنے والے حقہ کیفے بند کرادیے

چھاچھرو، ڈہرکی (نمائندگان دنیا) تھرپارکر کی تحصیل چھاچھرو میں منشیات کی کھلے عام فروخت پر شہری شدید پریشان ہیں، شہر کے مشہور علاقوں میں گزشتہ طویل عرصے سے کھلے عام منشیات فروخت کی جارہی ہے، علاقے میں چرس، افیون اور شراب کی کھلے عام فروخت جاری ہے، شہر کے بدنام منشیات فروش پولیس کو مبینہ طور پر ماہانہ بھتہ دے کر گھناؤنے کاروبار میں مصروف ہیں، کھلے عام منشیات کی فروخت سے نوجوان نسل تباہی کی طرف جارہی ہے، مگر منشیات فروشوں کی روک تھام کیلئے کوئی نوٹس نہیں لیا جارہا ہے، شہریوں نے ایس ایس پی تھرپارکر سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ چھاچھرو شہر میں منشیات فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی کرکے شہر کے امن کو بچایا جائے۔ علاوہ ازیں ڈہرکی پولیس نے شہر میں بڑی کارروائی کرتے ہوئے سرعام چلنے والے حقہ کیفے پر چھاپے مارے اور کئی کیفے بند کرادیے، پولیس نے حقہ کیفے اور شراب کی فروخت کے خلاف کریک ڈاؤن شروع کردیا ہے۔

کھڈرو میں 12 سالہ بچی کی خودکشی

کھڈرو (نمائندہ دنیا) کھڈرو کے نواحی گاؤں میں 12 سالہ بچی نے خودکشی کرلی۔ تفصیلات کے مطابق کھڈرو کے نواحی گاؤں جمراؤ میں 12 سالہ صائمہ بنت اسلم نے گھر میں کھیلتے ہوئے چھوٹے بہن بھائیوں سے لڑنے کے بعد گلے میں دوپٹا باندھ کر خودکشی کرلی، والدین مزدوری کے لیے گئے ہوئے تھے، بچی کی لاش دیکھ کر غریب والدین پر غشی کے دورے پڑنے لگے، بچی 3 بہن بھائیوں میں سب سے بڑی تھی، تعلقہ پولیس سنجورو نے لاش پوسٹ مارٹم کے بعد ورثا کے حوالے کردی اور اتفاقی موت کا مقدمہ درج کرلیا۔

سکھر: سائٹ ایریا کے رہائشی کھوسہ برادری کے افراد قبضہ مافیا کیخلاف احتجاج کررہے ہیں

علماء کا تعاون وقت کی اہم ضرورت ہے، ڈپٹی کمشنر لاڑکانہ

مدرسوں میں کسی بھی غیر ملکی کی رجسٹریشن پولیس میں کروائی جائے، کاشف علی ٹیپو

مسجدوں اور مدارس کی سیکیورٹی کو یقینی بنایا جائے، علمائے کرام کے اجلاس سے خطاب

لاڑکانہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر لاڑکانہ کاشف علی ٹیپو نے کہا ہے کہ ملک میں دہشت گردی اور شرپسند عناصروں کے خاتمے کیلئے علمائے کرام کا تعاون وقت کی اہم ضرورت ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیشنل ایکشن پلان کے تحت مختلف مکتبہ فکر کے علمائے کرام کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا، انہوں نے مزید کہا کہ اگر مدرسوں میں کوئی بھی غیر ملکی رجسٹرڈ ہے تو اس کی رجسٹریشن محکمہ پولیس میں ضروری کروائی جائے اور مسجدوں و مدارس کی سیکیورٹی کو یقینی بنایا جائے، سی سی ٹی وی کیمرے لگائے جائیں تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی نشاندہی کی جاسکے، ڈپٹی کمشنر لاڑکانہ نے درخواست کرتے ہوئے کہا کہ شہر کو صاف ستھرا رکھنے میں تعاون کیا جائے، جلسوں یا دیگر پروگراموں میں وال چاکنگ اور جھنڈے سرکاری جگہوں، مین چوراہوں اور بجلی کے کھمبوں پر نہ لگائے جائیں، انہوں نے سیاسی پارٹیوں سے بھی گزارش کی کہ وہ بھی اپنے کارکنان کو روکیں تاکہ شہر کی خوبصورتی متاثر نہ ہو، اجلاس میں شریک علمائے کرام نے دہشت گردی کے خاتمے، نیشنل ایکشن پلان پر عمل کرنے اور صفائی ستھرائی کے عمل کو یقینی بنانے کیلئے اپنے مکمل تعاون کی یقینی دہانی کروائی، اس موقع پر رینجرز کے ڈی ایس آر عصمت توانا اور دیگر موجود تھے۔

لاڑکانہ: ڈپٹی کمشنر کاشف ٹیپو علمائے کرام کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

گھوٹکی: ڈپٹی کمشنر سید اعجاز علی شاہ میٹرک کے امتحانات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

دفتر برائے ایگزیکٹو انجینئر، ایجوکیشن ورکس ڈویژن-I،

پلاٹ نمبر۔ JM/3/379 جگر مراد آبادی روڈ، نیوٹاؤن کراچی۔

نمبر۔ EE/EWD-I/NIT/2016-17/1957 کراچی بتاریخ: 16-03-2017

طلبی ٹینڈرز نوٹس

درج ذیل کام کے لئے SPPRA رولز 2010 (ترمیم شدہ 2013) کے تحت سنگل اسٹیج ایک لفافہ کے طریقہ کار پر سربمہر ٹینڈرز مطلوب ہیں:

نمبر شمار	تفصیل	شرائط
01	کام کی وسعت	مقصد اسکول بلڈنگ کی تعمیرات ہے، جہاں بچوں کی تعلیمی ضروریات کو پورا کیا جاسکے۔
02	ٹھیکے کی اہلیت	بولی دہندہ/ ٹھیکیدار کے پاس NTN/ سیلز ٹیکس اور سندھ ریونیو بورڈ اور CNIC کی نقل ہونی چاہیے
03	تجربہ سرٹیفکیٹ	مندرجہ بالا/ مساوی جاب کا 3 سالہ تجربہ سرٹیفکیٹ ٹینڈر کے ساتھ لازمی منسلک ہونا چاہیے۔
04	ٹینڈرز خریدنے کے لئے پتہ	دفتر برائے ایگزیکٹو انجینئر، ایجوکیشن ورکس ڈویژن -I، پلاٹ نمبر۔ JM/3/379 جگر مراد آبادی روڈ، نیوٹاؤن کراچی۔
05	بولی سیکورٹی	بولی لاگت کا 5 فیصد بصورت پے آرڈر بنام ایگزیکٹو انجینئر، ایجوکیشن ورکس ڈویژن-I، کراچی۔
06	ٹینڈر لاگت	3000/- روپے (ناقابل واپسی) بصورت پے آرڈر۔
07	اجراء کی آخری تاریخ	پہلی اشاعت / ہوسٹنگ سے 06-04-2017 کام والے گھنٹوں کے دوران دوپہر 1:00 بجے تک اور SPPRA کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ بھی کیا جاسکتا ہے۔
08	جمع کرانے اور کھولے جانے کی تاریخ	دوپہر 12:30 بجے 07-04-2017 کو جمع کیے جائینگے اور اسی تاریخ کو سہ پہر 3:30 بجے کھولے جائینگے۔
09	کھولے جانے کا مقام	دفتر برائے ایگزیکٹو انجینئر، ایجوکیشن ورکس ڈویژن -I، پلاٹ نمبر۔ JM/3/379 جگر مراد آبادی روڈ، نیوٹاؤن کراچی۔
10	فنڈنگ کا ذریعہ	ADP فنڈنگ

کام کی فہرست

نمبر شمار ADP No	اسکیم / یونٹ کا نام	بولی لاگت (ملین میں)	زر بیعانہ 5 فیصد	ٹینڈر فیس	مدت
1/494	اسپیشل ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ مرمت / تزئین و آرائش برائے موجودہ ایجوکیشن انسٹی ٹیوٹس آف سندھ، علاوہ سینٹرز آف ایکسی لینس واقع گورنمنٹ اسپیشل ایجوکیشن کمپلیکس اورنگی ٹاؤن، کراچی	16.274	813,700	3000	24 ماہ
2/494	مرمت / تزئین و آرائش برائے موجودہ 43 اسپیشل ایجوکیشن انسٹی ٹیوٹس آف سندھ، علاوہ سینٹرز آف ایکسی لینس واقع ملٹی پل ہینڈی کیپ چلڈرن کورنگی ٹاؤن، کراچی	8.758	427,900	3000	12 ماہ
3/494	مرمت / تزئین و آرائش برائے موجودہ 43 اسپیشل ایجوکیشن انسٹی ٹیوٹس آف سندھ، علاوہ سینٹرز آف ایکسی لینس واقع گلستان جوہر بلاک-15، کراچی	2.500	125,000	3000	8 ماہ
4/496	کراچی پر آٹزم مرکز کا قیام	45.000	2250,000	3000	36 ماہ

شرائط :۔

1۔ گزشتہ 3 سال کا فنانشل ٹرن اوور جس کی اوسط پروکیورمنٹ کے تحت کام کی لاگت سے تین گنا سے کم نہ ہو۔

2۔ پاکستان انجینئرنگ کونسل سے سال 2017 کے لئے رجسٹریشن متعلقہ زمرے میں درکار ہے۔ (پاکستان انجینئرنگ کونسل رجسٹریشن صرف اسپیشلائزیشن کرنے والے کے لئے تیار کی گئی ہو جبکہ کام کی لاگت 4.00 (ایم) روپے اور زائد ہونے کی صورت میں فنانشل کیٹگری بھی درکار ہے)۔

3۔ متعلقہ لاگت کی بولی سیکورٹی۔

4۔ امیدواران کو ریٹس لفظوں اور ہندسوں دونوں میں لازمی پُر کرنے ہوں گے، نامکمل / مشروط ٹینڈرز قبول نہیں کیے جائینگے۔

5۔ کھولے جانے کی تاریخ کو حکومت کی جانب سے اعلان کی گئی چھٹی یا کسی وجہ سے کام والا دن نہ ہونے کی صورت میں، آئندہ باقاعدہ کام والے دن کو ٹینڈرز کے جمع کرانے اور کھولے جانے والا دن اسی وقت پر تصور کیا جائے گا۔

6۔ پروکیورنگ ایجنسی SPPRA رولز 2010 (ترمیم شدہ 2013) متعلقہ قوانین کے تحت تمام یا کسی بھی بولی کو مسترد کرسکتی ہے۔

7۔ مشروط بولی قبول نہیں کی جائے گی۔

8۔ نادہندہ ٹھیکیداران کی بولی قبول نہیں کی جائے گی۔

9۔ بولی لازمی طور پر سربمہر ہونی چاہیے اور لازمی طور پر مساوی جاب کے تجربہ سرٹیفکیٹ بولی کے ساتھ منسلک ہونے چاہئیں۔

دستخط

ایگزیکٹو انجینئر

ایجوکیشن ورکس ڈویژن-I

کراچی

TEXT 8398

کرپشن کی مخالفت کریں۔ ہم دہشت گردی کے خلاف متحد ہیں۔

INF-KRY-1301/17